1989ء سے مسلسل اشاعت | 4 تا 10 اگست 2023 | شمارہ نمبر 32 | جلد نمبر35

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 100/-

FAIR TRADE (Pvt) Limted

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD
Little Star
Bleach Board

pindo deli
paper products

Indah Kiat
Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC
SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of
Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200
PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp

بزنس مین پینل





کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال

BMG

بزنس مین گروپ

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

کل بھی تھا ـ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر






Printed on Golden Coin Pindo Art Card. 190 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# HI-KOTE®

金海浆纸
JINHAI PULP & PAPER

## Features

- Wood free coated paper with smooth matt surface
- Excellent thickness
- Superior in elegant printing requirement
- Blue-white color shade and high brightness
- High opacity
- Good printing brilliance
- Fast ink set

## Specifications

HO-KOTE C2S Matt

| Item | Unit | Test Method Reference | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Basis Weight | g/m² | ISO536 | 90 | 100 | 105 | 115 | 120 | 128 | 130 | 150 | 157 | 170 | 200 | 250 | 300 |
| Thickness | um | ISO534 | 78±4 | 84±4 | 90±4 | 100±4 | 104±4 | 110±4 | 111±4 | 128±4 | 140±4 | 153±4 | 180±4 | 250±7 | 285±8 |
| Brightness | %ISO | ISO2470 | 88-91 | | | | | | | | | | | | |
| Opacity | % | ISO2471 | 89-92 | 92-95 | 92-95 | 93-96 | 93-96 | 94-97 | 94-97 | 96-99 | 96-99 | 97-100 | 97-100 | 97-100 | 97-100 |
| Roughness | um | ISO8791/4 | ≤2.7 | | | | | | | | | | | ≤2.5 | |
| Gloss | % | T480 | 32±5 | | | | | | | | | | | 30±5 | |

Remark: Above are average values.

## Applications

- Publishing and commercial Printing

Our Quest Superiority has Made us Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE LINE OF PROFESSSIONALISM

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012

IBM™
ISO 9001:2015 CERTIFIED

## FOR BOOKING CONTACT

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBM-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

A QUALITY PRODUCT BY
APP
WWW.ASIAPULPPAPER.COM
Produced By
PT.Indah Kiat Pulp & Paper Tbk



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

tjiwi kimia
paper products
www.tjikimia.co.id

# PAPER THAT WORKS EVERYDAY



## ART PAPER

- 2/S COATED ART PAPER
- SINAR BRAND

EnOva SINAR



## PHOTOCOPY PAPER

- PAPERLINE GOLD
- INTEGRITE
- PAPERLINE
- AONE
- EXCELPRO

PAPERLINE GOLD · ExcelPro DIGITAL COLOR PRINTING PAPER · MULTI PURPOSE PREMIUM PAPER PAPERLINE TODAY'S PAPER FOR TOMORROWS' TECHNOLOGY · a1ne



## WOODFREE PAPER

- SINAR ROYAL WHITE WOODFREE PAPER
- EXTRAPRINT PAPER PLUS
- WOODFREE BLUISH WHITE PAPER

eX EXTRAPRINT LUXURY OFFSET · eX pplus EXTRAPRINT LUXURY OFFSET · eX srw EXTRAPRINT LUXURY OFFSET



## SPECIALTY & CARBONLESS PAPER

- CONCORDE CAST COATED PAPER/BOARD
- FOOPAK GRASEPROOF PAPER
- ENZA KRAFT PAER

Impressions CARBONLESS · Ellustra DRAWING PAPER · enza · foopak grease proof paper · CONCORDE Premium Cast Coated Board



## QUALITY STATIONERY ITEMS

- SINARLINE OFFICE & STATIONERY PRODUCTS MAKE YOUR BUSY SCHEDULE ALL IN ORDER!

SINARLINE



## OTHER PRODUCTS

- OFFSET PRINTING PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- PAPER PLUS
- 1/S CAST COATED BOARD/PAPER
- RECYCLED PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- WOODFREE PAPER

paperplus

## FOR BOOKING CONTACT

IBM™
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

اشاعت: بروز جمعۃ المبارک — قیمت 100 روپے

پیپر بزنس

**پبلشرز: حرا رؤف**

نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز، 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے چھپوا کر شائع کیا

شمارے کے صفحات: 22 رنگین، 18 عمومی

**بانی: محمد رؤف**

ایڈیٹوریل بورڈ:

پبلشر وایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف

اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی

پیج میکنگ و ڈیزائننگ: عمران صدیقی

سوشل میڈیا مارکیٹنگ: سمیر انصاری

معاون: عدنان انصاری

**رابطہ آفس**

A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر،

بلاک M، نارتھ ناظم آباد،

بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی

weeklypaperbusiness@gmail.com

فون: 0300-2933229

ویب سائٹ: weeklypaperbusiness.com

**چارجز: (سالانہ)**

بمعہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے

بمعہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے

کراچی پیپر مارکیٹ 1500 روپے

بمعہ ڈیجیٹل ایڈیشن 1000 روپے

آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی

IBAN No: PK72SUMB025602714112960


# ٹیکس دہندگان بلا معاوضہ انصاف کیلئے ایف ٹی او سے رجوع کریں: فضل الٰہی

## ایف ٹی او سے پیپر مرچنٹس نے کیسز میں ہمیشہ ریلیف حاصل کیا ہے، کسٹم نے پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ریفنڈ دینا شروع کیا، سلیم بیکیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی ٹیکس محتسب (ایف ٹی او کراچی ریجن کے ایڈوائزر انچارج فضل الٰہی میمن نے ٹیکس دہندگان کی رہنمائی، سہولت اور شکایات کے ازالے کیلئے تاجروں پر زور دیا ہے کہ وہ ایف ٹی او سے رجوع کریں، جس میں وقت ضائع کیے بغیر کاروباری برادری کی شکایات پر کارروائی ترجیحی بنیادوں پر کی جاتی ہے۔ ٹیکس دہندگان بلا معاوضہ انصاف کیلئے ایف ٹی او سے رجوع کریں۔ ان خیالات کا اظہار جمعرات 20 جولائی کو یہاں ایف ٹی او کراچی ریجن دفتر میں آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے ایک نمائندہ وفد سے ملاقات کے دوران کیا۔ وفد نے ایڈوائزر انچارج کی دعوت پر چیئرمین بزنس مین پینل و سابق چیئرمین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن محمد سلیم بیکیا اور سینئر وائس چیئرمین محمد انیس کی سربراہی میں ان سے ملاقات کے لئے ریجنل دفتر گئے تھے، وفد کے دیگر اراکین میں سابق وائس چیئرمین حضرات صدر الدین جیوانی، ناصر قاسم اور محمد سلمان صدیقی کے علاوہ اعزازی جنرل سیکریٹری محمد احمد اظہر، محمد زبیر، محمد بلال اور محمد رؤف شامل تھے۔ فضل الٰہی میمن نے ایف ٹی او کی ورکنگ کے بارے میں وفد کے اراکین کو آگاہی دی۔ انہوں نے کہا کہ ایف ٹی او فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے حوالے سے ٹیکس دہندگان کی شکایات کے ازالے کے لیے کوشاں ہے اور اس کا مقصد متاثرہ ٹیکس دہندگان کو بلا تعطل، تیز رفتار اور مفت انصاف کو یقینی بنانا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس سلسلے میں ایف ٹی او نے موجودہ اور ممکنہ ٹیکس دہندگان تک رسائی کے لیے عوامی آگاہی مہم شروع کی ہے تاکہ وہ ٹیکس کی ادائیگی کے ذریعے اپنی قومی ذمہ داری کو پوری کریں اور اس حوالے سے ان میں اعتماد پیدا کیا جاسکے۔ انہوں نے وفد کو کہا کہ وہ عدالتی طویل اور بھاری اخراجات پر مبنی مقدمات کے بجائے گھر بیٹھے آن لائن اپنی شکایات درج کرا کے ریلیف حاصل کر سکتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ سال 90 فیصد موصولہ شکایات کے فیصلے مقررہ وقت 45 دن میں کئے گئے اور ان پر محکمہ نے عملدرآمد بھی کیا۔ فیصلوں میں زیادہ تر ٹیکس دہندگان کو ریلیف دیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ ٹیکس دہندگان کسٹم، انکم ٹیکس، سیلز ٹیکس اور فیڈرل ایکسائز سمیت وفاقی ٹیکسوں سے متعلق محکموں کے خلاف اپنی شکایات درج کرا سکتے ہیں۔ اس موقع پر وفد کے قائد محمد سلیم بیکیا نے فضل الٰہی میمن کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے ملاقات کے لئے وقت دیا اور ایف ٹی او سے متعلق آگاہ دی۔ انہوں نے کہا کہ پیپر مرچنٹس نے متعدد بار ایف ٹی او سے رجوع کیا ہے اور ہم شکر گزار ہیں کہ ہمیں ہمیشہ ریلیف بھی ملا ہے۔ خاص طور پر پاکستان کی تاریخ میں یہ ریکارڈ ہے کہ کسٹم نے صرف پیپر مرچنٹس کو ریفنڈ کے چیکس جاری کئے ہیں اور یہ سب ایف ٹی او کی بدولت ممکن ہوا ہے کیونکہ اس سلسلے میں گزشتہ بیس سالوں سے عدالتی فیصلوں پر عملدرآمد کا انتظار کیا جا رہا تھا۔ آخر میں فضل الٰہی میمن نے شرکا کے سوالات کے جوابات بھی دیئے۔ اس موقع پر ایڈوائزر کسٹم محمد اقبال بھوانہ، ایڈوائزر آئی ٹی سید شکیل احمد اور ڈائریکٹر ایڈمن عابد محمود بھی موجود تھے۔ فضل الٰہی میمن نے ایف ٹی او کی 2022 کی کارکردگی پر مشتمل رپورٹ بھی محمد سلیم بیکیا کو پیش کی۔

(ملاقات کی رنگین تصاویر صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں)

## سعودی عرب کا 12 ممالک کیلئے ویزا اسٹیکر ختم

جدہ (انٹرنیشنل نیوز ڈیسک) سعودی عرب نے پاکستان سمیت مزید 12 ممالک کے شہریوں کے لئے پاسپورٹ پر ویزا اسٹیکر ختم کرنے کے فیصلے پر عمل درآمد کا آغاز کر دیا۔ ملازمت، اقامہ، وزٹ اور ملازمت کے ویزے آن لائن جاری کئے جائیں گے، سعودی محکمہ شہری ہوا بازی نے کہا ہے کہ پاکستان، لبنان، نیپال، سری لنکا، ترکیہ، یمن، سوڈان، یوگنڈا، کینیا، مراکش، تھائی لینڈ اور ویتنام میں سعودی سفارتخانے اور قونصلیٹ پاسپورٹس پر اسٹیکر نہیں لگائیں گے۔ کیو آر کوڈ کے ساتھ ای ویزا جاری کیا جائے گا۔

## بیرون ملک سفر کرنے والوں کے لیے پولیو کارڈ کی نئی شرط کا اضافہ

پاکستان سے بیرون ملک جانے والے مسافروں کو اب ایک اور شرط کو پورا کرنا لازمی قرار دے دیا گیا ہے۔ نادرا کی جانب سے بیرون ملک سفر کرنے والے مسافروں پر نئی سفری پابندی کا اطلاق کر دیا گیا ہے جس کے تحت تمام مسافروں کو اب اپڈیٹ آن لائن پولیو کارڈ بھی اپنے ساتھ رکھنا ہوگا۔ اس حوالے سے ایئر لائنز انتظامیہ کو بیرون ممالک کے مسافروں سے پولیو کارڈ چیک کرنے کی ہدایت جاری کی گئی ہے۔ نادرا حکام نے کراچی سمیت ملک بھر کے تمام ایئرپورٹس اور ایئر لائنز کے متعلقہ افسران کو مذکورہ ہدایات جاری کر دی ہیں جس کا اطلاق فوری طور پر ہوگا۔ ہدایات میں کہا گیا ہے کہ بیرون ملک سفر کرنے والے تمام مسافر اپڈیٹ آن لائن پولیو کارڈ اپنے ساتھ رکھیں۔ پرانے پولیو کارڈ کی معیاد ختم ہونے پر اپڈیٹ آن لائن پولیو کارڈ کا حصول لازمی قرار دے دیا ہے۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# اسٹیٹ بینک نے ڈالر کی نقد درآمدات کی ہدایات جاری کردیں

کراچی ( بزنس ڈیسک ) مرکزی بینک نے فارن ایکسچینج کمپنیز کے لیے ڈالر کی درآمدات کے حوالے سے نئی ہدایت کو جاری کر دیا ہے، جس کے تحت انہیں کارگو یا سیکیورٹی کمپنیز کے ذریعے 5 کاروباری دنوں میں قابل اجازت غیر ملکی کرنسیوں کی برآمدی کنسائنمنٹ کی قدر کے بدلے نقد ڈالر درآمد کرنے کی اجازت دی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی ) نے ایک پیراگراف شامل کر کے ان شرائط کو ایکسچینج کمپنیز مینول کے باب 5 میں شامل کیا ہے، جس کا ٹائٹل 'امپورٹ آف کیش یو ایس ڈالر تھرو کارگو/سیکیورٹی کمپنیز' ہے۔ اس میں کہا گیا ہے کہ یہ انتظام ابتدائی طور پر 31 دسمبر 2023 تک اس شرط کے ساتھ نافذ العمل رہے گا کہ اس مدت کے دوران ایکسچینج کمپنیز کے ذریعے درآمد کیے گئے کل نقد ڈالر اس کی برآمدی کنسائنمنٹس کی مالیت کے 50 فیصد سے زیادہ نہیں ہوں گے۔ مزید کہا گیا کہ ایکسچینج کمپنیز کو بیرون ملک ادارے کے ساتھ اپنے معاہدے میں اس طرح کا انتظام شامل کرنا چاہیے، سسٹم سے تیار کردہ ڈیل ٹکٹ میں اس رقم کی تفصیلات بھی شامل ہوں جو نقد ڈالر کے طور پر درآمد کی جانی ہیں، اگر کل برآمدی کنسائنمنٹ میں سے کوئی ہے۔ اس میں بتایا گیا کہ ایکسچینج کمپنیز بذریعہ کارگو/سیکیورٹی کمپنیز نقد امریکی ڈالر درآمد کرتے وقت ایس بی پی کے بینکنگ سروسز کراچی کے شعبہ فارن ایکسچینج آپریشن کے ڈائریکٹر کو تحریری طور پر پیشگی اطلاع دیں گی، اور اس کی نقل نامزد ہوائی اڈوں پر ایس بی پی کسٹمز جوائنٹ بوتھ پر مرکزی بینک کے بی ایس سی عملے کو فراہم کریں۔ نئے پیراگراف میں کہا گیا ہے کہ وہ غیر ملکی بینک/ ایکسچینج کمپنی کا اصل ڈیل ٹکٹ بھی فراہم کریں گے، جس میں واضح طور پر درآمد کی گئی نقد امریکی ڈالر کی رقم کو ضمیمہ 8 کے ساتھ دکھایا جائے گا، جس پر تصدیق کے بعد بوتھ پر مرکزی بینک کے بی ایس سی عہدیداروں کی طرف سے تصدیق کے بعد دستخط اور مہر لگائی جائے گی۔ اس کے علاوہ، غیر ملکی حکومت کے کسٹمز اور/ یا دیگر کے برآمدات کے اصلی دستاویزات بھی ایس بی پی کسٹمز کے مشترکہ بوتھ پر جمع کرانا ضروری ہے، جن پر ایس بی پی۔ بی ایس سی حکام کی مہر بھی لگائی جائے گی۔ ان دستخط شدہ اور مہر شدہ دستاویزات کی ایک کاپی ایکسچینج کمپنی کے ذریعہ اسٹیٹ بینک کی معائنہ ٹیم کے ذریعہ سائٹ پر معائنہ کے لیے ریکارڈ میں رکھنا ضروری ہے۔

## اسٹیٹ بینک کے کمرشل بینکوں پر جرمانے

اسٹیٹ بینک نے 6 بینکوں پر 35 کروڑ 15 لاکھ روپے کے جرمانے کر دیئے نیشنل بینک پر 14 کروڑ 40 لاکھ روپے جرمانہ بینک الفلاح پر 12 کروڑ 50 لاکھ روپے کا جرمانہ میزان بینک پر 3 کروڑ 80 لاکھ روپے کا جرمانہ الائیڈ بینک پر 2 کروڑ روپے کا جرمانہ پنجاب کوآپریٹو بینک پر 1 کروڑ 20 لاکھ روپے کا جرمانہ بینک الحبیب پر 1 کروڑ روپے کا جرمانہ عائد کیا گیا صارفین کی معلومات اور غیر ملکی کرنسی کے قوائد میں خلاف ورزیوں پر جرمانے کئے۔

**Banking Supervision Department-1**

**Details of Significant Enforcement Actions by SBP during the Quarter ended June 30, 2023**

(Rupees in million)

| Sr.No | Institution | Nature of Offence | Action Taken | Monetary Penalty |
|---|---|---|---|---|
| 1 | National Bank of Pakistan | Violation of regulatory instructions pertaining to CDD/KYC and Asset Quality | In addition to penal action, the bank has been advised to enhance the internal processes and controls. | 144.207 |
| 2 | Bank Alfalah Limited | Violation of regulatory instructions pertaining to AML/CFT, CDD/KYC, FX and General Banking Operations | In addition to penal action, bank has been advised to ensure meticulous compliance with the regulatory instructions. | 125.253 |
| 3 | Meezan Bank Limited | Violation of regulatory instructions pertaining to CDD/KYC, FX and General Banking Operations | In addition to penal action, the bank has been advised to improve its internal processes. | 38.030 |
| 4 | Allied Bank Limited | Violation of regulatory instructions pertaining to CDD/KYC, FX and General Banking Operations | In addition to penal action, the bank has been advised to improve its internal processes. | 20.660 |
| 5 | Punjab Provincial Cooperative Bank Limited | Violation of regulatory instructions pertaining to CDD/KYC, Asset Quality and General Banking Operations | In addition to penal action, the bank has been advised to improve its internal processes and controls. | 12.229 |
| 6 | Bank Al Habib Limited | Violation of regulatory instructions pertaining to CDD/KYC, FX and General Banking Operations | In addition to penal action, the bank has been advised to monitor the usage of card based transactions. | 10.420 |

**Note:** *These actions are based on deficiencies in the compliance of regulatory instructions and do not constitute a comment on the financial soundness of these entities.*



وزیر اعظم شہباز شریف، وزیر اعلی سندھ مراد علی شاہ، گورنر سندھ کامران ٹسوری، وفاقی وزیر پاور خرم دستگیر، وفاقی وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب، وفاقی وزیر آئل اینڈ گیس مصدق ملک، سفارت کار، وفاقی اور صوبائی وزرا، سیکریٹریز کراچی میں ایکسپورٹ ایوارڈ کی تقریب میں شرکت کی۔ آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے سابق چیرمین اور کراچی چیمبر کے سابق صدر اے کیو خلیل بھی اس موقع پر موجود ہیں۔



زاہد مدنی ڈی ایس پی ٹریفک لاہور نے گزشتہ دنوں آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن ناردرن زون کا دورہ کیا اور لیڈر بزنس مین گروپ خامس سعید بٹ سے ملاقات کی۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# محمد سلیم بیکیا کی سربراہی میں ایپما کے وفد کا دورہ دفتر وفاقی ٹیکس محتسب (کراچی ریجن)





آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے ایک وفد نے چیئرمین بزنس مین پینل پیپر مارکیٹ کراچی محمد سلیم بیکیا اور سینئر وائس چیئرمین محمد انیس کی قیادت میں وفاقی ٹیکس محتسب کے ایڈوائزر انچارج کراچی ریجن ڈاکٹر فیض الٰہی میمن کی دعوت پر ایف ٹی او کراچی ریجن کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ایڈوائزر آئی ٹی شکیل احمد اور ڈائریکٹر ایڈمن عابد محمود بھی موجود ہیں۔ جبکہ ایپما کے وفد کے دیگر اراکین میں محمد بلال، محمد زبیر، ناصر قاسم، محمد سلمان صدیقی، محمد احمد اظہر، صدر الدین جیوانی اور محمد رؤف شامل تھے۔ فیض الٰہی میمن نے وفد کو وفاقی محتسب کی ٹیکس دہندگان کے لئے سستے انصاف کے حصول کے لئے کردار کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔




Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# SALMAN PAPER PRODUCTS ( PVT ) LTD

SP

SALMAN PAPER PRODUCTS (Pvt.) Ltd.

## Importer, Manufacturer and Wholeseler

## WE DEALS IN:

- Coated Packaging Board
- Art Card
- Duplex Board
- Colour Card
- Brief Card
- Uncoated Board
- Kraft Card
- Kraft Liner
- Office Stationery
- Corrugation Carton
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Photocopier Paper
- Kraft Paper
- Sticker Paper
- Corbonless Paper
- School Stationery
- Boxes
- Label Printing
- Exercise Copies & Registers

## Different Size of Packets and Reels

Room # 201,213 2nd Floor, IBM Center, Hassan Ali Effendi Road, Paper Market, Karachi.

Phone : 021-32216671, 32212081, 32601020

aslamjilani1@hotmail.com / salmanpaperproductspvtltd@gmail.com





Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725





IBM
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012





Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

玖龍 玖龍紙業
NINE DRAGONS PAPER



ATC
Source of Paper & Board

# Nine-Dragon Mill

is the Biggest Paper & Board Producer in the World

**FSC Certified**



Nine-Dragon Mill Appoint **ATC Pakistan Pvt Ltd,**

**As an Exclusive Agent For Pakistan Market**

For Any Requirements & Details

**MILLS REPRESENTATIVE**

ATC
Source of Paper & Board

## ATC Pakistan (Pvt) Ltd.

玖龍 玖龍紙業
NINE DRAGONS PAPER

HEAD OFFICE: Room # 210, 2nd Floor, Europa Centre, Hasrat Mohani Road, Karachi-74000, Pakistan. Ph: 92-21-32628027, 32628028 Cell: 0321-2888008
Email: info@atcpakistan.net Website: www.atcpakistan.net



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# درآمدی بلیچ بورڈ، کاربن لیس، آفسیٹ آئی کے، اسٹیکر اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں کمی، مقامی ڈپلیکس اور پنڈو کارڈ میں اضافہ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے بھی مندی کے ساتھ کچھ تیزی دیکھنے میں آئی اور 2 اگست 2023 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں مقامی ڈپلیکس بورڈ ، بورڈ ون وائٹ اور پنڈو آرٹ کارڈ کی قیمتوں میں اضافہ دیکھا گیا۔جبکہ کاربن لیس پیپر امپریشن ڈاٹ اسٹار چائنا اور رائزنگ سن ، گرافک بورڈ ساوی برائٹ ، درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ ، ربیل ، چینمنگ اور ایلی کنگ پرو چائنا ، آرٹ کارڈ جاپان ، آفسیٹ آئی کے ، اسٹیکر پیپر ایکنا انڈونیشیا ، گولڈن ٹیک جی ایس ایف ، پاور ٹیک اور وائی ایم سی اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی ۔دیگر پیپر و پیپر بورڈ کے برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو اتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ ہے کہ پنڈو آرٹ کارڈ تمام سائز 210 ، 200،190 ، 310،300،260،250 اور 350 گرام، 500 روپے سے بڑھ کر 510 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔آرٹ کارڈ جاپان تمام سائز تمام گرام ،550 روپے سے کم ہو کر 500 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔کاربن لیس پیپر امپریشن اسٹار چائنا 24x34 سائز ، 8500 روپے سے کم ہو کر 7500 روپے فی ریم ہو گیا ہے۔رائزنگ سن 24x34 سائز 8500 ، روپے سے کم ہو کر 7500 روپے فی ریم ہو گیا ہے۔گرافک بورڈ ساوی برائٹ 25x36 سائز ، 290 گرام، 520 روپے سے کم ہو کر 480 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔مقامی ڈپلیکس بورڈ، بورڈ بورڈ ون وائٹ تمام سائز 250 گرام 201 روپے سے بڑھ کر 217 روپے اور 290 گرام ، 201 روپے سے بڑھ کر 215 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 385 روپے سے کم ہو کر 360 روپے فی کلو ہو گئی ہیں ۔درآمدی بلیچ بورڈ ربیل شیٹس تمام سائز تمام گرام 350 روپے سے بڑھ کر 368 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔درآمدی بلیچ بورڈ چینمنگ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 375 روپے سے کم ہو کر 355 روپے فی کلو ہو گئی ہیں۔بلیچ بورڈ ایلی کنگ پرو چائنا شیٹس تمام سائز تمام گرام ، 390 روپے سے کم ہو کر 372 روپے فی کلو ہو گئی ہیں۔درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 590 روپے سے کم ہو کر 580 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا پی پی سی براؤن 80 گرام، 1580 روپے سے کم ہو کر 1560 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔بی ایل سی 70 گرام 1225 ، روپے سے کم ہو کر 1200 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔بی ایل سی 80 گرام 1550 ، روپے سے کم ہو کر 1530 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔آئی کے کاپی لوگو 70 گرام 1240 ، روپے سے کم ہو کر 1180 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔آئی کے کاپی F4B-13 ۔ 70 گرام ، 1490 روپے سے کم ہو کر 1440 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔آئی کے کاپی F4A-13.5 ۔ 70 گرام، 1550 روپے سے کم ہو کر 1540 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔آریا 70 گرام، 1210 روپے سے کم ہو کر 1150 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔اسٹیکر پیپر ایکنا برانڈ 20x30 ، سائز، 5500 روپے سے کم ہو کر 5400 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک جی ایس ایف 20x30 سائز، 3850 روپے سے کم ہو کر 3800 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔اسٹیکر پیپر پاور ٹیک چائنا 20x30 سائز 3800 ، روپے سے کم ہو کر 3775 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔اسٹیکر پیپر وائی ایم سی چائنا 20x30 سائز ، 3850 روپے سے کم ہو کر 3800 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔

## بیرون ملک کریڈیٹ اور ڈیبٹ کارڈز کے ذریعے ادائیگی پر ٹیکس میں اضافہ

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) پاکستان نے بیرون ملک کریڈیٹ اور ڈیبٹ کارڈز پر ٹیکس 400 فیصد بڑھا دیا۔نوٹیفکیشن کے مطابق ٹیکس دہندگان کیلیے کریڈیٹ اور ڈیبٹ کارڈ پر ٹیکس ایک فیصد سے بڑھ کر 5 فیصد کر دیا گیا، اس کے علاوہ رجسٹرڈ مگر ٹیکس نہ دینے والے افراد کے لیے کریڈٹ، ڈیبٹ کارڈ پر ٹیکس 2 سے بڑھا کر 10 فیصد کر دیا گیا۔فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے بتایا کہ ٹیکس غیر رہائشی پاکستانیوں کی طرف سے بیرون ملک بڑی رقم کی منتقلی کے باعث بڑھایا گیا۔ذرائع ایف بی آر کے مطابق کریڈیٹ اور ڈیبٹ کارڈ پر ٹیکس کی شرح غیر ملکی سرمائے کی بیرون ملک منتقلی روکنے کے لیے بڑھائی۔

## کریڈٹ کارڈز کے ذریعے ایک ماہ میں 94 ارب روپے کی خریداری

لاہور (نیوز ڈیسک) کریڈٹ کارڈز کے ذریعے خریداری میں جون کے دوران سالانہ بنیادوں پر 28.9 فیصد کا نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔اعدادوشمار کے مطابق جون میں کریڈٹ کارڈز کے ذریعہ صارفین نے 94 ارب روپے کی خریداری اور ادائیگی کی جو گزشتہ سال جون کے مقابلہ میں 28.9 فیصد زیادہ ہے۔اعدادوشمار کے مطابق گزشتہ سال جون میں کریڈٹ کارڈز کے ذریعہ صارفین نے 73 ارب روپے کی خریداری کی تھی۔مئی کے مقابلہ میں جون میں کریڈٹ کارڈز کے ذریعہ خریداری میں ماہانہ بنیادوں پر 1.9 فیصد کی نمو ریکارڈ کی گئی ہے۔رپورٹ کے مطابق مئی میں کریڈٹ کارڈز کے ذریعہ صارفین نے 92 ارب روپے کی خریداری اور ادائیگی کی جو جون میں بڑھ کر 94 ارب ہو گئی۔

CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36
CB + CFB + CF CARD
Colour Cards
COPY PAPER A4
CHAND TRADERS
Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411
Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# پاکستان کسٹمز نے ٹرمینل آپریٹرز کو درآمدی کنسائنمنٹس کے وزن کا ریکارڈ برقرار رکھنے کی ہدایت کردی

ملتان (بزنس ڈیسک) پاکستان کسٹمز کے ڈائریکٹوریٹ آف رسک مینجمنٹ نے ملتان سمیت ڈرائی پورٹ کے تمام ٹرمینل آپریٹرز کو ہر قسم کے درآمدی کنٹینرز کے وزن کی لازمی ریکارڈنگ کے حوالے سے ہدایات جاری کی ہیں۔رپورٹ میں ذرائع کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ اس سے قبل کنٹینرز کے ٹرمینلز افغان ٹرانزٹ ٹریڈ اور ٹرانس شپمنٹ کے تحت کلیئر ہونے والے سامان کے وزن کو ریکارڈ کرنے کے پابند تھے۔لیکن، درآمدکنندگان کی طرف سے غلط اعلان کے کئی واقعات رپورٹ ہوئے ہیں، خاص طور پر وہ جو گرین چینل کے تحت کلیئر کیے گئے تھے۔سامان کے وزن کی بنیاد پر مختلف سامان کو کلیئر کرنے کی اجازت دی گئی۔فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے کہا ہے کہ حکومت اسمگلنگ، انڈر انوائسنگ اور ٹرانزٹ ٹریڈ کے غلط استعمال کو روکنے کے لیے سنجیدگی سے اقدامات پر غور کر رہی ہے جو کہ 2022-23 کے آخری مالی سال میں تقریباً 44 فیصد بڑھ کر 93,732 کنٹینرز تک پہنچ گئے۔ایک اندازے کے مطابق انڈر انوائسنگ 10 بلین ڈالر سالانہ ہے۔ اسمگلنگ کے ساتھ ساتھ، غیر منصفانہ تجارتی طریقوں سے ٹیکس ریونیو کا زبردست نقصان ہوتا ہے۔رپورٹ میں ذرائع کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ پاکستان کسٹمز نے درآمدی سامان کی نگرانی کو بہتر بنایا اور تمام ٹرمینل آپریٹرز کو ہدایت کی کہ گیٹ آؤٹ سٹیج پر تمام کنٹینرز کا وزن ریکارڈ کریں۔انہوں نے مزید کہا کہ ٹرمینل آپریٹرز سے کہا گیا ہے کہ وہ گیٹ آؤٹ کے وقت وزن فراہم کریں اور وزن کی دوبارہ جانچ کے لیے کسٹم حکام کو ڈیٹا فراہم کریں۔کسٹم ڈائریکٹوریٹ نے ایک بیان میں کہا، تمام درآمدی کنٹینرز کا وزن ریکارڈ کیا جانا چاہیے کیونکہ یہ معلومات مختلف رسک مینجمنٹ پیرامیٹرز کے لیے اہم سمجھی جاتی ہیں۔ڈائریکٹوریٹ نے کہا کہ ٹرمینل آپریٹرز اور آف ڈاک ٹرمینلز سے درخواست کی گئی تھی کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ کوئی بھی درآمدی کنٹینر گیٹ آؤٹ کلیئرنس کے مرحلے تک نہیں بڑھ سکتا جب تک کہ اس کا وزن درست طریقے سے ریکارڈ نہ کیا جائے اور ویب پر مبنی ون کسٹمز پر اپ ڈیٹ نہ کیا جائے۔



لاہور میں وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف سے تاجروں کی ملاقات کے موقع پر وائس چیئرمین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن شبیر بھٹی (ہیرا) گورنر پنجاب بلیغ الرحمٰن سے ملاقات کر رہے ہیں

# 50 ہزار سے زائد رقوم نکلوانے پر نان فائلرز پر 0.6 فیصد ٹیکس وصولی شروع

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) بینک سے رقوم نکلوانے والے نان فائلرز پر 0.6 فیصد ایڈوانس ٹیکس عائد کردیا گیا، یہ ٹیکس ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ میں شامل نہ ہونے والوں سے لیا جائے گا۔ایف بی آر سرکلر کے مطابق بینک سے 50 ہزار روپے تک رقم نکلوانے پر ٹیکس کی شرح صفر ہوگی، 50 ہزار 500 روپے تک رقم نکلوانے پر 303 روپے ٹیکس لاگو ہوگا۔فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے مطابق 55 ہزار روپے نکلوانے پر 330 روپے ٹیکس وصول کیا جائے گا، 75 ہزار روپے نکلوانے والے نان فائلرز سے 450 روپے ٹیکس لیا جائے گا۔ایف بی آر کا کہنا ہے کہ ایک دن میں بینک سے نکلوائی گئی 50 ہزار سے زیادہ پوری رقم پر ٹیکس ہوگا، وفاقی اور صوبائی حکومتوں پر ٹیکس کا اطلاق نہیں ہوگا، پاکستان میں غیر ملکی سفارتکار یا سفارتی مشن بھی ٹیکس سے مستثنیٰ ہوں گے۔

# FBR کی ناقص کارکردگی: برآمدکنندگان وریٹیلرز سے زیادہ، تنخواہ دار نے ٹیکس ادا کیا

کراچی (نیوز ڈیسک) گزشتہ مالی سال کے دوران تنخواہ دار طبقے نے 264.3 ارب روپے ٹیکس ادا کیا۔ایف بی آر کا کہنا ہے کہ تنخواہ دار طبقے کی 35 فیصد شرح سے ٹیکس کی مد میں ادا رقم 75 ارب روپے سے زیادہ تھی۔برآمدکنندگان اور ریٹیلرز مل کر بھی تنخواہ دار طبقے سے 175 ارب روپے کم ٹیکس دیتے ہیں۔گزشتہ مالی سال برآمدکنندگان اور ریٹیلرز نے 89.5 ارب روپے انکم ٹیکس ادا کیا۔ایف بی آر ذرائع کے مطابق 27.7 ارب ڈالر کمانے والے برآمدکنندگان نے ٹیکس کی مد میں 74 ارب روپے دیے۔ٹیکسوں میں برآمدکنندگان کا حصہ گزشتہ سال کے مقابلے میں 17.4 فیصد زیادہ تھا جبکہ یہ حصہ روپے کے لحاظ سے ان کی آمدنی میں اضافے سے کم تھا۔ذرائع کے مطابق برآمدکنندگان انکم ٹیکس میں اپنی مجموعی رسیدوں کا صرف 1 فیصد ادا کرتے ہیں۔معیشت کے کُل حجم میں ریٹیلرز اور ہول سیلرز کا حصہ تقریباً 19 فیصد تھا، مجموعی انکم ٹیکس میں ریٹیلرز اور ہول سیلرز کا حصہ محض 0.4 فیصد رہا۔ذرائع کے مطابق ٹھیکیداروں اور خدمات دینے والوں سے ٹیکس وصولی 3 فیصد اضافے سے 391 ارب، جبکہ قرض پر منافع کی مد میں وصولی 106 فیصد اضافے کے ساتھ 320 ارب روپے رہی۔درآمدکنندگان نے انکم ٹیکس کی مد میں 290 ارب روپے ادا کیے جو وِدہولڈنگ ٹیکس میں تیسرا بڑا حصہ ہے۔ایف بی آر کے ان اعداد و شمار نے اس کی کارکردگی کا پول کھول دیا ہے اور انکم ٹیکس کی رقوم کی اکثریت تنخواہ دار طبقہ نے ادا کی ہے اور ایف بی آر کے کنٹرول میں آنے والے کاروباری اداروں سے ایف بی آر مطلوبہ ٹیکس وصول کرنے میں ناکام رہا ہے جبکہ ایف بی آر کی پوری مشینری جس پر اربوں روپے خرچ ہوتے ہیں اپنا کردار ادا نہیں کرسکی ہے۔

# ٹیکس تنازعات کے حل کیلئے ایف بی آر کیلئے 45 دن کی حد مقرر

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت نے سیلز ٹیکس ایکٹ اور فیڈرل ایکسائز ایکٹ کے تحت رجسٹرڈ ٹیکس دہندگان کے لیے تنازعات کے متبادل کے طریقہ کار میں اہم تبدیلیاں متعارف کرادی ہیں، جس کے تحت فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے لیے ٹیکس تنازعات کو 45 دنوں میں حل کرنا لازمی قرار دیا گیا ہے۔پیر 24 جولائی کو جاری کردہ سرکلر کے مطابق، ایف بی آر اب رجسٹرڈ شخص سے تنازعات کے حل کے لیے درخواست موصول ہونے کے 15 دن کے اندر ایک کمیٹی کا تقرر کرے گا، جو تنازعہ کے حل کے لیے اپنی شرائط تجویز کرسکتی ہے، جس میں ٹیکس کی ادائیگی کی پیشکش بھی شامل ہے۔کمیٹی جو کہ ایک ریٹائرڈ جج پر مشتمل ہوگی جو ہائی کورٹ کے جج کے عہدے سے کم نہیں ہوگی جس میں چیئرپرسن اور دو دیگر ممبران ایف بی آر اور رجسٹرڈ شخص کی نمائندگی کریں گے، اسے 45 دن کے اندر تنازعہ کا فیصلہ کرنا ہوگا، جس میں تحریری وجوہات کے ساتھ 15 دن کی توسیع کی جاسکتی ہے۔سرکلر میں کہا گیا ہے کہ ترامیم کا مقصد تنازعات کے حل کے عمل کو آسان بنانا اور ٹیکس دہندگان کے لیے اسے مزید سستا اور موثر بنانا ہے، جنہیں اب تنازعہ کے حل کے لیے اپیلیٹ فورم سے پہلے زیر التواء اپیلوں کو واپس لینے کی ضرورت نہیں ہوگی۔سرکلر میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ تنازعہ سے متعلق رجسٹرڈ شخص کے ذریعہ قابل ادائیگی ٹیکس کی وصولی اس وقت تک روکی تصور کی جائے گی جب تک کہ کمیٹی کوئی فیصلہ نہیں کرتی یا تحلیل نہیں کردی جاتی۔کمیٹی کا فیصلہ دونوں فریقوں پر پابند ہوگا، بشرطیکہ اسے 30 دن کے اندر ہائی کورٹ میں چیلنج کیا جائے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# اسلام آباد ہائی کورٹ: سپر ٹیکس کا نفاذ غیر قانونی قرار، ڈیمانڈ اور ریکوری کے نوٹسز بھی کالعدم

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس سردار اعجاز اسحاق خان کی عدالت نے سپر ٹیکس کے نفاذ کو غیر قانونی قرار دے دیا، ڈیمانڈ اور ریکوری کے نوٹسز بھی کالعدم قرار دیدیئے، انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی دفعہ 4C آئین سے متصادم، دس صنعتوں پر دس فیصد سپر ٹیکس لگانے کا اقدام امتیازی قرار دیا گیا۔ مختلف اداروں کی طرف سے دائر درخواستوں پر سماعت کے دوران درخواست گزاروں کی جانب سے سلمان اکرم راجہ، عدنان حیدر رندھاوا ایڈوکیٹ و دیگر نے کیسز کی پیروی کی، فریقین کے دلائل مکمل ہونے پر عدالت نے درخواستیں منظور کرتے ہوئے انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی شق فورسی کو بھی غیر آئینی قرار دیتے ہوئے اپنے فیصلہ میں سیکشن فورسی کے حوالے سے وضاحت کرتے ہوئے سپر ٹیکس کے ڈیمانڈ اور ریکوری کے تمام نوٹسز بھی کالعدم قرار دے دیئے۔ تاہم سپریم کورٹ کے عمرانہ ٹوانہ کیس کے فیصلے کی روشنی میں اس سیکشن کے بعض حصوں کو حذف کیا جاتا ہے جس کے تحت ایسے ٹیکس گزار جن سے ٹیکس فائنل ٹیکس کی شکل میں لیا جاتا ہے ان پر سپر ٹیکس لاگو نہیں ہوگا۔

## گارنٹی پر اجرت لینا جائز نہیں: مولانا سیّد سلیمان یوسف بنوری

سوال:۔ کنٹینر ریلیز کراتے وقت شپنگ لائن کو سیکیورٹی ڈپوزٹ کے طور پر رقم جمع کرانی پڑتی ہے، جب کنٹینر کمپنی کو واپس مل جاتا ہے، اس کے بعد کمپنی وہ رقم واپس کرتی ہے، اکثر کلیئرنگ ایجنٹس سیکورٹی ڈپوزٹ کی رقم خود جمع کرا دیتے ہیں اور اپنی امپورٹر پارٹی سے اس رقم کے عوض 2 ہزار یا 3 ہزار اضافی وصول کرتے ہیں، امپورٹر بھی خوش ہوتا ہے کہ میری پچاس ہزار یا لاکھ روپے کی رقم چند ہفتوں یا ایک ماہ کے لیے نہیں پھنسی، کیا اس طرح سیکیورٹی ڈپوزٹ کی رقم پر اضافی رقم وصول کرنا جائز ہے؟

جواب:۔ واضح رہے کہ کفالت، ضمانت/گارنٹی ایک عقدِ تبرع ہے، اس پر اجرت لینا جائز نہیں ہے۔ لہٰذا صورتِ مسئولہ میں کنٹینر ریلیز کیے جانے پر شپنگ کمپنی والوں کو اس کی گارنٹی دینا تو جائز ہے، لیکن محض اس گارنٹی پر اجرت لینا جائز نہیں ہے، اسی طرح کلیر ایجنٹ شپنگ کمپنی والوں سے کنٹینر کلئیر کرانے کے لیے ضمانت کی رقم امپورٹر کی طرف سے ادا کر دیں تو یہ امپورٹر کے ذمہ دین (قرض) ہو گیا، اور قرض کی واپسی پر کسی قسم کا مشروط نفع لینا سود ہے، لہٰذا سیکیورٹی ڈیپوزٹ کی رقم پر اضافی رقم وصول کرنا جائز نہیں ہے، البتہ کلیئرنگ ایجنٹس اپنے کمیشن میں اضافہ کر سکتا ہے۔ (رد المحتار علیٰ الدر المختار، کتاب البیوع، باب المرابحۃ والتولیۃ، فصل فی القرض، مطلب: کل قرض جر نفعاً حرام، 166/5، سعید- الفقہ الاسلامی وأدلتہ، الفصل الرابع: نظریۃ العقد، الوکالۃ، الوکالۃ بأجر، 151/4، دار الفکر) (بشکریہ: آپ کے مسائل اور ان کا حل، روزنامہ جنگ)

## ریورس کراچی جانے والے کارگو مشکلات کا باعث بن رہے ہیں

پشاور (بزنس ڈیسک) آل پاکستان کسٹم ایجنٹس ایسوسی ایشن کے مرکزی رہنما ضیاء الحق سرحدی نے کہا ہے کہ افغانستان کے لیے سامان کی کلیئرنس کے لیے ون کسٹمز سسٹم اور ویب بیسڈ ون کسٹمز (وی بوک) سمیت دوہرے آپریشنز کے نفاذ اور ریورس کراچی جانے والے کارگو نے کاروباری طبقے کے لیے بہت سے مسائل پیدا کیے ہیں اس کے علاوہ اضافی چارجز کی ادائیگی کی وجہ سے بھاری مالی نقصان بھی ہو رہا ہے۔ یہاں سے جاری ہونے والے ایک پریس بیان میں ضیاء الحق سرحدی نے کہا کہ کراچی بندرگاہ پر سامان اتارنے کے بعد کلیئرنس سسٹم میں گاڑیاں یا کنٹینرز بلاک رہتے ہیں جس کے نتیجے میں گاڑیوں کے مالکان کو ہولڈنگ چارجز اور کنٹینرز ڈیمرج کی ادائیگی کرنا پڑتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ افغان ریورس کارگو طورخم، غلام خان اور چمن سے لوڈ ہونے کے بعد کراچی کی بندرگاہ پر پہنچتا ہے جسے وی بوک سسٹم کے کام نہ کرنے کی وجہ سے کنٹینرز کو ڈی سیل کرنے میں پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ وی بوک کے نامکمل ماڈیول کی وجہ سے جب کراچی بندرگاہ پر ڈاون ٹرانزٹ سامان اتارا جاتا ہے تو متعلقہ کسٹم ایجنٹ کو ڈائریکٹوریٹ آف ٹرانزٹ ٹریڈ سے سی آر ایف فارم تیار کرنا پڑتا ہے اور ون کسٹمز اور وی بوک دونوں کے تحت سامان کی کلیئرنس میں کافی دن لگتے ہیں جس سے کاروباری برادری جنہیں ڈیمرج کے لیے اضافی ادائیگیوں کی صورت میں نہ صرف نقصان اٹھانا پڑتا ہے بلکہ دیگر مختلف مسائل بھی پیدا ہوتے ہیں انہوں نے سوال اٹھایا کہ اگر وی بوک ماڈیول نامکمل ہے اور اسے مکمل کرنے کے لیے بہت زیادہ کام کی ضرورت ہے تو پھر اس کو کیوں نافذ کیا گیا ہے، آل پاکستان کسٹم ایجنٹس ایسوسی ایشن کے رہنما نے متعلقہ محکمے سے درخواست کی کہ جب تک وی بوک پوری طرح مکمل نہیں ہو جاتا اور پورے ملک میں فعال نہیں ہو جاتا، ٹرانزٹ ٹریڈ کے سامان خاص طور پر ون کسٹم سسٹم کے ذریعے ڈاون ٹرانزٹ کی کلیئرنس کی اجازت دی جائے۔


پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور سیمپل کاپی کیلئے ابھی رابطہ کریں۔

0308-2933229


## ڈی جی ٹی او کی کا لاہور چیمبر کے سیکریٹری کو ہدایت

لاہور (پیپر بزنس نیوز) ڈائریکٹر جنرل آف ٹریڈ آرگنائزیشنز آفس نے لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نام ایک مراسلے میں واضح کیا ہے کہ ادارے کے معاملات ٹریڈ آرگنائزیشنز ایکٹ 2013) ٹریڈ آرگنائزیشنز ترمیمی ایکٹ (2022 اور ٹریڈ آرگنائزیشنز رولز 2013ء کے مطابق چلائے جائیں۔ ان سے انحراف کرنے کی صورت میں ٹریڈ آرگنائزیشنز ایکٹ 2013ء کے سیکشنز 20 اور 25 کے تحت ایکشن لیا جائے گا۔ ڈی جی ٹی او آفس نے تحریری طور پر سیکریٹری جنرل لاہور چیمبر کو ہدایت کی ہے کہ وہ ادارے کے امور ٹریڈ آرگنائزیشنز ایکٹ 2013 (ٹریڈ آرگنائزیشنز ترمیمی ایکٹ 2202) اور ٹریڈ آرگنائزیشنز رولز 2013ء کے مطابق چلائیں۔

## زبیر امجد ٹوانہ نئے چیئرمین ایف بی آر مقرر

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی حکومت نے ان لینڈ ریونیو سروس سے تعلق رکھنے والے گریڈ 21 کے افسر زبیر امجد ٹوانہ کو نیا چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) تعینات کر دیا ہے۔ وزیراعظم نے ملک زبیر امجد ٹوانہ کو نیا چیئرمین ایف بی آر لگانے کی منظوری دی تھی، ذرائع کے مطابق وفاقی کابینہ نے ملک زبیر امجد ٹوانہ کو چیئرمین ایف بی آر لگانے کی سرکولیشن سمری منظور کی۔ ملک زبیر امجد ٹوانہ ان لینڈ ریونیو سروس کے گریڈ 21 کے افسر ہیں، ان کی چیئرمین ایف بی آر تقرری کا نوٹیفکیشن 2 اگست کو جاری کر دیا گیا ہے، وہ اس وقت ایف بی آر میں ہی ممبر ان لینڈ ریونیو آپریشن تعینات ہیں، اس سے پہلے وہ چیئرمین ایف بی آر کے اسپیشل اسسٹنٹ (ایس اے) چیف کمشنر ان لینڈ ریونیو سمیت دیگر اہم عہدوں پر فائز رہ چکے ہیں۔ واضح رہے کہ یہ عہدہ چیئرمین ایف بی آر عاصم احمد کی ریٹائرمنٹ پر خالی ہوا ہے۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

## کراچی واٹر اینڈ سیوریج بورڈ کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

بجٹ بک والیم 1 اور 2 کی پرنٹنگ اور بائنڈنگ
کل تعداد 480 بک (دونوں والیم)
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 10 اگست 2023ء
برائے رابطہ: اکاؤنٹ آفیسر (ریونیو) KW&SB ہیڈ آفس، پہلی منزل، اولڈ کے بی سی اے بلڈنگ انیکسی، بالمقابل سوک سینٹر، گلشن اقبال، کراچی۔
فون: 0334-3424522

## انٹرمیڈیٹ بورڈ کراچی کے پرنٹنگ اور ویسٹ پیپرز کے ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: BIE/AG/L&N/904/2023
ٹ یولیشن رجسٹرز کی پرنٹنگ
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 16 اگست 2023ء
ٹینڈر حوالہ نمبر: BIT/AG/L&N/904/2023
استعمال شدہ آنسر اسکرپٹ اور ویسٹ پیپرز کی فروخت
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 17 اگست 2023ء
برائے رابطہ: پروکیورمنٹ ونگ، ایڈمنسٹریشن جنرل سیکشن، بختیاری یوتھ سینٹر، نارتھ ناظم آباد، کراچی۔
فون: 021-99260213.-212-211

## لاہور الیکٹرک سپلائی کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 3034
امپورٹڈ پیپر، A4 سائز، 80 گرام، تعداد: 15000 ریم
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 8 اگست 2023ء
برائے رابطہ: سینئر منیجر (میٹریل مینجمنٹ)، 3rd فلور، کمرہ نمبر 312، 22-A، کوئنز روڈ، لاہور۔
فون: 042-99204842

## پی آئی اے کے لوکل پیپر کے ٹینڈرز

ٹینڈر حوالہ نمبر: PR-23010056
آفسیٹ پیپر وائٹ لوکل سائز، 23x36، 70-75 گرام
تعداد: 100 ریم، فی ریم 500 شیٹس
ٹینڈر حوالہ نمبر: PR-23010057
آفسیٹ پیپر وائٹ لوکل سائز، 20x30، 70 گرام،
تعداد: 100 ریم، فی ریم 500 شیٹس
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 16 اگست 2023ء
برائے رابطہ: سپلائی چین مینجمنٹ ڈپارٹمنٹ، کمرشل پرچیز سیکشن، پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن، ایئرپورٹ، کراچی۔
فون: 021-99045137

## کلکٹوریٹ کسٹمز اسلام آباد کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 02/2023-24




فوٹو اسٹیٹ پیپر A4 اور لیگل سائز، 80 گرام
اسٹیشنری آئٹمز
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 9 اگست 2023ء
برائے رابطہ: جنرل برانچ، پلاٹ نمبر 24، ماؤ ایریا، G-9/1، اسلام آباد۔

## پنجاب سرونٹ ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کو پیپر درکار

پیپر A4 سائز 80 گرام، تعداد: 500 ریم
پیپر لیگل سائز 80 گرام، تعداد: 500 ریم
(ڈبل اے برانڈ یا مساوی)
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 16 اگست 2023ء
برائے رابطہ: ایگزیکٹو ڈائریکٹر (ایڈمن اینڈ فنانس) آفس، 14-A، اپر مال اسکیم، لاہور۔
فون: 042-99206444

## ایئرپورٹ سیکورٹی فورسز کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: 01/2023-24/Admin

## پاکستان پوسٹ: یکم اگست سے ڈاک نرخوں میں 50 فیصد اضافہ

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پاکستان پوسٹ نے یکم اگست 2023 سے تمام اقسام کی اندرون ملک ڈاک نرخوں میں 50 فیصد سے زائد اضافہ کر دیا۔ تاہم اس میں صنعتی و تاجر برادری، کاروباری حلقوں سمیت زیادہ ڈاک بک کرانیوالے اداروں اور آن لائن کام کرنیوالوں کی سہولت کیلئے خصوصی پیکجز بھی متعارف کروانے کا اعلان کیا گیا ہے۔ ڈائریکٹر جنرل پاکستان پوسٹ حافظ شکیل احمد قریشی نے موقف اختیار کیا ہے کہ عوام کو مارکیٹ کے مقابلے میں انتہائی ارزاں نرخوں پر سروسز مہیا کر رہے ہیں۔ ایک لفافہ ملک ایک کونے سے دوسرے کونے تک ارزاں ترین ریٹ 30 روپے میں جاتا ہے۔ رجسٹرڈ پوسٹ لیٹرز اور پارسلز کے بڑے صارفین کے ڈسکاؤنٹ کا سرکلر میں اعلان نہیں کیا گیا۔

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 10 اگست 2023ء
برائے رابطہ: ایڈمن آفس، ایئرپورٹ، اسلام آباد۔
فون: 051-95555005

## پنجاب ایکسی لینس اتھارٹی کو پرنٹنگ خدمات درکار

سالانہ کارکردگی رپورٹس کی پرنٹنگ
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 17 اگست 2023ء
برائے رابطہ: ہیڈ آفس، لاہور۔
فون: 042-99232095-96

## کنٹرولر ملٹری اکاؤنٹس پشاور کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 15 اگست 2023ء
برائے رابطہ: کیشئر (G-Cash) سیکشن، (پی سی) پشاور۔
فون: 091-9213866

## FESCO کا کمپیوٹر و اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:
2523/MM/FCC/FESCO/2023-24
پیپر پارٹ-1، سائز 15x11، 60-70 گرام، فین فولڈ۔
تعداد: 3750 باکس، فی باکس 2000 شیٹس۔
یوٹیلیٹی بل فارم (MDI)، A4 سائز 80 گرام۔
تعداد: 1125 باکس، فی باکس 2000 بل۔
پلین پیپر، A4 سائز، 80 گرام، تعداد: 1000 ریم
یوٹیلیٹی بل فارم (جنرل) A5 سائز، 80 گرام۔
تعداد: 19875 بکس، فی بکس 4000 بل۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 10 اگست 2023ء
برائے رابطہ: میٹریل مینجمنٹ ڈائریکٹوریٹ، فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی، اولڈ تھرمل پلانٹ، عبداللہ پور، فیصل آباد۔
فون: 041-9220224-209

## پاکستان پوسٹ ملتان کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 7 اگست 2023ء
برائے رابطہ: اسٹاک برانچ، دفتر پوسٹ ماسٹر جنرل، جنوبی پنجاب سرکل-4، مال روڈ، ملتان کینٹ۔
فون: 061-9200614

## ایف بی آر کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 15 اگست 2023ء
برائے رابطہ: اسسٹنٹ کمشنر ان لینڈ ریونیو (ہیڈکوارٹرز)، بے نامی زون-1، آفس نمبر 206، 2nd فلور، ایویکوئی ٹرسٹ کمپلیکس، F-5/1، اسلام آباد۔
فون: 051-9210930


یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# شرح سود 22 فی صد پر برقرار، اسٹیٹ بینک کو مہنگائی میں کمی کی امید

